اِنّ الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء

# الفضل

روزنامہ

ایڈیٹر غلام نبی

دارالامان قادیان

ٹیلیفون نمبر ۹۱

THE DAILY ALFAZL QADIAN.

یوم یک شنبہ

جلد ۲۸ | ۲۲ ماہ فتح ۱۳۱۹ ہش | ۲۲ ذیقعدہ ۱۳۵۹ھ | ۲۲ دسمبر ۱۹۴۰ء | نمبر ۲۹۱



Digitized by Khilafat Library Rabwah


## تفسیر القرآن کے متعلق حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کا

## نہایت ضروری ارشاد

قادیان ۲۰ دسمبر۔ آج حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ نے جو خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ اس میں زیر طبع تفسیر القرآن کا ذکر کرتے ہوئے حضور نے جو کچھ فرمایا۔ اس کا کچھ حصہ اپنے الفاظ میں اس لئے شائع کیا جا رہا ہے۔ کہ احباب جلد سے جلد اس سے آگاہ ہو سکیں۔ حضور نے

فرمایا۔ قرآن کریم کی تفسیر کا کام بہت بڑی ذمہ واری کا کام ہے۔ اور اگر اس میں اب تک تاخیر ہوتی رہی ہے۔ تو اس کی وجہ یہی تھی۔ کہ میں فطرتاً اس کام سے بہت گھبراتا ہوں۔ اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کوئی ٹڈا ہمالیہ پہاڑ کو اٹھانے کی کوشش کرے۔ اور میں نے مجبوراً۔ اور جماعت کے اندر ایک شدید خواہش دیکھتے ہوئے اس میں ہاتھ ڈالنے کی جرأت کی ہے۔ یا یوں کہو۔ کہ اس کے لئے مجبور ہوا ہوں۔ جس طرح یہ ممکن نہیں۔ کہ سمندر کو کسی چیز میں محدود کیا جا سکے۔ اسی طرح یہ بھی ممکن نہیں۔ کہ قرآن کریم کے تمام معارف کو کسی تفسیر میں محدود کیا جا سکے۔ جس طرح سمندر سے کچھ پانی لیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح یہ تو ہو سکتا ہے۔ کہ کوئی شخص کچھ معارف قرآن کریم کے بتا سکے۔

لیکن یہ ناممکن ہے۔ کہ قرآن کریم کے تمام معارف پیش کر سکے۔ اس کے لئے تو ہر انسان کو خود ہی غوطہ مارنا پڑے گا۔ پس کوئی انسان دنیا میں ایسا نہیں۔ جو قرآن کریم کی ایسی تفسیر بیان کر سکے۔ اس کے بعد کوئی بات باقی نہ رہ جائے۔ قرآن کریم کے متعلق جو کچھ کوئی بیان کرے گا۔ وہ انسانوں کے لحاظ سے قرآن کی تفسیر ہوگی مگر قرآن کے لحاظ سے نہیں۔

غرض تفسیر لکھنے والے پر بہت بڑی ذمہ واریاں عائد ہوتی ہیں۔ اس زمانہ میں نیز اگلے زمانہ کے لوگ بھی یہ خیال کرتے رہے ہیں۔ فلاں تفسیر میں سب کچھ بیان کر دیا گیا ہے۔ اور یہ خیال دین میں بہت بڑا رخنہ ڈالنے والا ہے۔ کیونکہ قرآن کریم کے علوم کبھی ختم نہیں ہو سکتے۔ ہر زمانہ کے لحاظ سے اس میں سے نئے نئے

معارف نکلتے رہتے ہیں۔ اور نکلتے رہیں گے۔ ہم جو تفسیر کرتے ہیں۔ وہ صرف ان پہلوؤں کے لحاظ سے ہوتی ہے۔ جو ہمارے زمانہ سے متعلق ہیں۔ نہ کہ وہ قرآن کریم کے تمام معارف پر حاوی ہوتی ہے۔

بہر حال یہ تفسیر اللہ تعالیٰ کی تائید سے لکھی گئی ہے۔ اور میں کہہ سکتا ہوں۔ کہ جہاں تک اس زمانہ سے تعلق رکھنے والے امور اور روحانی باتوں کا تعلق ہے۔ وہ اس میں بیان کی گئی ہیں۔ میں نے اس کا مضمون ختم کر دیا ہے۔ پریس والے پرسوں شام تک چھپائی ختم کر دیں گے (انشاء اللہ تعالیٰ) پہلے سات آٹھ سو صفحات کا اندازہ تھا۔ مگر اب وہ ۱۰۰۶ صفحات تک پہنچ چکی ہے۔ اب جماعت کا فرض ہے۔ کہ اس سے فائدہ اٹھائے۔ اور جہاں تک ہو سکے۔ اس کی اشاعت کی طرف توجہ کرے۔ اس وقت تک دفتر میں صرف سات سو جلدوں کی خریداری کی اطلاعات آ چکی ہیں بعض اطلاعیں براہ راست مجھے بھی آئی ہیں۔ اور اس طرح ممکن ہے کل خریداری گیارہ سو تک پہنچ گئی ہو۔ تفسیر القرآن تین ہزار چھاپی گئی ہے اور جماعت کی تعداد کے لحاظ سے میں سمجھتا ہوں۔ اس کی اشاعت کم سے کم دس پندرہ ہزار ضرور ہونی چاہئے۔ مگر اس

وقت تک اشاعت کے لئے کسی کی طرف سے جد وجہد کی کوئی اطلاع مجھے نہیں ملی۔ سوائے چودھری سر ظفر اللہ خان صاحب کے۔ انہوں نے دو سو خریدار پیدا کئے ہیں۔ یا پھر ایک صاحب کی ترقی ہوئی۔ تو انہوں نے گیارہ خریداروں کی قیمت بھیجی ہے۔ ان کے سوا مجھے علم نہیں۔ کہ کسی اور نے اس کی خریداری کے لئے کوشش کی ہو۔ حالانکہ یہ ایسا کام ہے۔ کہ جسے میں طبعاً بوجھ سمجھتا تھا۔ اب اسے کر لینے کے بعد اگر جماعت نے غفلت کی۔ تو بہت افسوسناک بات ہوگی۔ یہ کوئی اخبار، الفضل نہیں کہ دوسرے سے لے کر پڑھ لیا۔ یہ تو ایسی چیز ہے۔ کہ اپنے گھر میں رکھ کر ہی اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ بڑے بڑے قادیان میں ہی ۱۳-۱۴ سو بالغ احمدی ہو نگے مگر درخواستیں صرف چالیس پچاس آئی ہونگی حالانکہ یہاں سے کم از کم چار پانسو خریدار ہو جانے چاہئے تھے۔ پھر دوسرے شہر ہیں۔ لاہور۔ سیالکوٹ۔ فیروز پور جہلم۔ گجرات۔ راولپنڈی اور شہر ملتان پشاور اور صوبہ سرحد کے دوسرے اضلاع پھر یو۔ پی۔ بنگال کے شہر۔ ان میں سے بھی دس۔ بیس۔ پچاس۔ سو۔ دو سو خریدار مل سکتے ہیں۔ مگر افسوس ہے۔ کہ ابھی تک جماعت نے توجہ نہیں کی۔ اب میں پھر ایک دفعہ اعلان کرتا ہوں

# مدینۃ المسیح

قادیان ۲۰ فتح ۱۳۱۹ھش سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے متعلق ساڑھے چھ بجے شام کی ڈاکٹری اطلاع مظہر ہے۔ کہ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے حضور کی طبیعت اچھی ہے۔ الحمد للہ احباب حضور کی درازیٔ عمر کے لئے دعا کرتے رہیں۔

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی اور حرم ثانی حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ کو بھی خدا کے فضل سے صحت ہے۔ ثم الحمد للہ۔

حرم اول کی طبیعت کل کی نسبت اچھی ہے۔ صحت کاملہ کے لئے دعا کی جائے۔

خاندان حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ میں خیر و عافیت ہے۔

مولوی محمد سلیم صاحب مبلغ سلسلہ عالیہ احمدیہ برما سے واپس آئے ہیں۔

## مضافات قادیان میں تبلیغ احمدیت

دولت پور میں ۱۷ ماہ فتح کو دھرم کوٹ بگہ میں اور اٹھوال میں ۱۹ فتح کو زیر صدارت صاحبزادہ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ جلسے منعقد ہوئے۔ جن میں صاحبزادہ صاحب موصوف اور جناب چودھری فتح محمد صاحب سیال اور خاکسار نے تقریریں کیں۔ اور ان مقامات کی جماعتوں کو دینی تربیت اور تبلیغ کی طرف توجہ دلائی۔ دھرم کوٹ کے جلسہ میں پانچ اصحاب نے بیعت کی۔ کئی معزز غیر احمدی احباب کو سالانہ جلسہ پر آنے کی دعوت دی گئی۔ خاکسار دل محمد نائب انچارج مقامی تبلیغ

## غربا و مساکین کے لئے پارچات کی ضرورت

ذی ثروت و استطاعت احباب جلسہ سالانہ کے موقع پر غربا و مساکین کے لئے مستعمل اور نئے کپڑے لایا کرتے ہیں۔ امید ہے۔ امسال اس کار خیر میں بھی حصہ لینے والوں میں بلحاظ تعداد اور مقدار عطایا اضافہ ہوگا۔ پرائیویٹ سکرٹری

## قابل شادی لڑکے لڑکیوں کی فہرست

نظارت امور عامہ کی طرف سے اخبار الفضل ۲۹۔ نومبر و ۲ دسمبر و ۷ دسمبر میں اعلان ہو چکا ہے کہ احباب جماعت قابل شادی افراد کی فہرستیں ۱۵ دسمبر تک بھیجیں۔ مگر افسوس کہ تاریخ مقررہ گزر چکنے کے باوجود ابھی تک بہت کم جماعتوں کی طرف سے مطلوبہ فہرستیں آئی ہیں اور وہ بھی دیہاتی جماعتوں کی طرف سے شہری جماعتوں نے بالکل خاموشی اختیار کی۔ جن جماعتوں کی طرف سے فہرستیں موصول ہوئی ہیں۔ وہ بھی نامکمل ہیں۔ ایسی جماعتوں کو فارم بھیجے جا رہے ہیں۔ امراء پریذیڈنٹ و سکرٹریاں جماعت ہائے احمدیہ کا فرض ہے۔ کہ وہ ایسے فارم قابل شادی افراد کے والدین یا سرپرستوں سے پُر کر کے بھیجیں۔ مگر فارموں پر مقامی کارکنوں کی تصدیق ہونا ضروری ہے شہری جماعتوں کو خصوصیت سے توجہ دلائی جاتی ہے۔ کہ اگر ممکن ہو تو ایسے افراد کی فہرست جلسہ سے پہلے بھیجدیں۔ ورنہ جلسہ پر ضرور لائیں جماعت احمدیہ۔ امرتسر۔ لاہور گوجرانوالہ سیالکوٹ۔ لائلپور۔ دہلی۔ پشاور۔ راولپنڈی۔ سرگودھا و دیگر اضلاع پنجاب کو خاص طور پر مخاطب کیا جاتا ہے احباب جماعت کی آگاہی کے لئے فارم کا نقشہ ذیل میں دیا جاتا ہے۔ اس کے مطابق فہرستیں بھیجیں۔

| نمبر | نام ولدیت مع پورا پتہ والد یا سرپرست | نام مقامی جماعت ضلع | [illegible] | [illegible] | عام اخلاقی حالت شکل و شباہت | لڑکے لڑکی کے والد یا ولی کے ذرائع آمد معیار سالانہ | آمد ذاتی و جائداد | نکاح اول یا دوسری | اولاد | [illegible] | تصدیق مقامی کارکنان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |

ناظر امور عامہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# قادیان میں جماعت احمدیہ کا سالانہ جلسہ

## پروگرام جلسہ

### پہلا دن ۲۶۔ دسمبر ۱۹۴۰ء۔ ۲۶ فتح ۱۳۱۹ہش بروز جمعرات

#### اجلاس اول

| وقت | مضمون | مقرر |
|---|---|---|
| ۹½ تا ۹¾ | تلاوت قرآن کریم | |
| ۹¾ تا ۱۰¼ | افتتاحی تقریر و دعا | حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ |
| ۱۰¼ تا ۱۰½ | نظم | |
| ۱۰½ ، ۱۱¼ | سلسلہ خلافت نہ رہنے سے مسلمانوں کو کیا نقصان پہنچے ہیں۔ | جناب سید زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب ناظر امور عامہ |
| ۱۱¼ ، ۱۲ | ذکر حبیبؐ | حضرت مفتی محمد صادق صاحب سابق مبلغ انگلستان و امریکہ |
| ۱۲ ، ۱ | تبلیغ سلسلہ کے حالات و ضروریات | جناب مولوی عبدالرحیم صاحب نیر سابق مبلغ انگلستان و افریقہ |

وقفہ برائے نماز ظہر و عصر

#### دوسرا اجلاس

| وقت | مضمون | مقرر |
|---|---|---|
| ۲ تا ۲½ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۲½ تا ۳½ | نظام خلافت کی ضرورت | جناب چوہدری فتح محمد صاحب سیال ایم۔ اے۔ ناظر اعلیٰ |
| ۳½ ، ۴½ | حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی دور حاضرہ کے متعلق انذاری پیشگوئیاں | جناب مولوی محمد یار صاحب عارف سابق مبلغ انگلستان |
| ۴½ ، ۵½ | اجرائے نبوت کے فوائد اور انقطاع نبوت کے نقصانات | جناب مولوی غلام رسول صاحب فاضل راجیکی |

### دوسرا دن ۲۷۔ دسمبر ۱۹۴۰ء۔ ۲۷ فتح ۱۳۱۹ہش بروز جمعہ

#### پہلا اجلاس

| وقت | مضمون | مقرر |
|---|---|---|
| ۹½ تا ۱۰ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۱۰ ، ۱۱ | مسئلہ خلافت پر غیر مبایعین کے اعتراضات کے جوابات | جناب قاضی محمد نذیر صاحب لائلپوری مولوی فاضل |
| ۱۱ ، ۱۱¾ | صداقت حضرت مسیح موعود بحیثیت موعود ادیان | جناب مولوی حکیم خلیل احمد صاحب مونگھیری |
| ۱۱¾ ، ۱۲¾ | پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق کون ہے | جناب ملک عبدالرحمٰن صاحب خادم بی۔ اے ایل ایل بی گجرات |

۱۲¾ سے ۲ بجے تک وقفہ برائے نماز جمعہ و عصر

#### دوسرا اجلاس

تلاوت قرآن کریم و نظم

تقریر حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

### تیسرا دن ۲۸۔ دسمبر ۱۹۴۰ء ۲۸ فتح ۱۳۱۹ہش بروز ہفتہ

#### پہلا اجلاس

| وقت | مضمون | مقرر |
|---|---|---|
| ۹½ تا ۱۰ | تلاوت قرآن کریم و نظم | |
| ۱۰ ، ۱۱ | مذہب کے متعلق پروفیسر فرائڈ کی تحریریں | جناب قاضی محمد اسلم صاحب ایم۔ اے پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور |
| ۱۱ ، ۱۲ | جنگ کے متعلق اسلامی قوانین اور اصول کی برتری | صاحبزادہ حافظ مرزا ناصر احمد صاحب ایم۔ اے۔ بی۔ اے آکسن پرنسپل جامعہ احمدیہ |
| ۱۲ ، ۱ | بہائیت کی حقیقت | جناب مولوی ابوالعطاء صاحب مبلغ مصر و فلسطین |

ایک بجے سے دو بجے تک وقفہ برائے نماز ظہر و عصر

#### دوسرا اجلاس

تلاوت قرآن کریم و نظم

تقریر حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

ناظر دعوۃ و تبلیغ

365

# ایک اعتراض کا جواب اور مولوی ثناء اللہ صاحب

مخالفین عقل و خرد کو بالائے طاق رکھ کر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب "حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۴۳ کی اس عبارت کو اعتراض کرنے کے لئے لے لیتے ہیں۔ کہ:-

"بابو الٰہی بخش چاہتا ہے۔ کہ تیرا حیض دیکھے۔ یا کسی پلیدی اور ناپاکی پر اطلاع پائے۔ مگر خدا تعالیٰ تجھے اپنے انعامات دکھلائے گا۔ جو متواتر ہوں گے۔ اور تجھ میں حیض نہیں۔ بلکہ وہ بچہ ہو گیا ہے۔ جو بمنزلہ اطفال اللہ کے ہے"

لیکن اس کے آگے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے الہام یریدون ان یروا طمثک کی تشریح میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے۔ اسے نظر انداز کر دیتے ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:-

"یعنی حیض ایک ناپاک چیز ہے۔ مگر بچہ کا جسم اسی سے تیار ہوتا ہے۔ اسی طرح جب انسان خدا کا ہو جاتا ہے۔ تو جس قدر فطرتی ناپاکی ہوا و گند ہوتا ہے جو انسان کی فطرت کو لگا ہوتا ہے۔ اسی سے ایک روحانی جسم تیار ہوتا ہے۔ یہی طمث انسانی ترقیات کا نتیجہ ہے۔ اسی بناء پر صوفیا کا قول ہے۔ اگر گناہ نہ ہوتا۔ تو انسان کوئی ترقی نہ کر سکتا۔ آدم کی ترقیات کا بھی یہی موجب ہوا۔ اسی وجہ سے ہر ایک نبی مخفی کمزوریوں پر نظر کر کے استغفار میں مشغول رہا ہے۔ اور وہی خوف ترقیات کا موجب ہوتا رہا ہے خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ ان اللہ یحب التوابین ویحب المتطھرین۔ پس ہر ایک ابن آدم اپنے اندر ایک حیض کی ناپاکی رکھتا ہے۔ مگر وہ سچے دل سے خدا کی طرف رجوع کرتا ہے۔ وہی حیض اس کا ایک پاک لڑکے کا جسم تیار کر دیتا ہے۔ اسی بناء پر خدا میں فانی ہونے والے اطفال اللہ کہلاتے ہیں۔ لیکن یہ نہیں۔ کہ وہ خدا کے درحقیقت بیٹے ہیں" (تتمہ حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۴۳-۱۴۴)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ تشریح بتاتی ہے۔ کہ اس الہام میں مراتب سلوک کے ایک اعلیٰ مرتبہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اگر آپ نے عبارت مذکورہ میں یہ تحریر فرمایا ہوتا۔ کہ مجھے حیض آتا ہے۔ تب بھی کوئی شخص سیاق و سباق کلام پر نظر کرتے ہوئے اسے حقیقت پر ہرگز محمول نہ کرتا لیکن یہاں تو معاملہ ہی برعکس ہے۔ یعنی الہام میں یہ بتایا گیا ہے۔ کہ آپ کا مخالف اور بدباطن چاہتا ہے۔ کہ آپ میں حیض یعنی ناپاکی دیکھے۔ لیکن خدا تعالیٰ فرماتا ہے "تجھ میں حیض نہیں" گویا آپ کی ذات سے حیض کی نفی کی گئی ہے پھر اعتراض کیسا؟

پھر حدیث سے بھی یہ مضمون ثابت ہے۔ جیسا کہ دیلمی صفحہ ۱۷ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حدیث لکھی ہے۔ "الکذب حیض الرجل والاستغفار طھارتہ" یعنی حضرت سلمان رضؓ سے روایت ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ جھوٹ مرد کا حیض۔ اور استغفار اس کی طہارت ہے۔

اس حدیث سے ظاہر ہے۔ کہ مردوں کی طرف بھی حیض منسوب کیا جاتا ہے۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر اعتراض کرنے والے خود ایسا کرتے رہتے ہیں۔ چنانچہ اخبار "اہلحدیث" ۱۶ جنوری ۱۹۲۵ء میں مولوی ثناء اللہ صاحب نے لکھا۔

"واضح رہے۔ کہ صوفیائے کرام فرمایا کرتے تھے۔ کہ الکرامات حیض الرجال یعنی اولیاء اللہ کی کرامات مثل حیض کے ہیں۔ جس طرح کنواری لڑکی حیض کو چھپاتی ہے۔ اسی طرح اولیاء اللہ اپنی کرامات چھپاتے ہیں۔ تاکہ نفس میں غرور پیدا نہ ہو"

اس بات کو مولوی ثناء اللہ صاحب نے حال ہی میں اس طرح دوہرایا ہے:-

"کوئی زمانہ تھا۔ کہ مسلمانوں میں اولیاء اللہ اور صلحاء لوگ پیدا ہوتے تھے ان سے اگر کوئی عجیب کام بحکم خدا ظہور پذیر ہوتا۔ تو وہ اس کو مخفی رکھتے ان کا مقولہ تھا۔ الکرامات حیض الرجال صالحین کی کرامات اخفاء کے لحاظ سے عورتوں کے حیض کی طرح ہوتی ہیں" (اہلحدیث ۱۳ دسمبر ۱۹۴۰ء)

مولوی ثناء اللہ صاحب کے ان ہر دو بیانات سے ظاہر ہے۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر مخالفین کا اعتراض محض ضد اور عداوت کی وجہ سے ہے۔ ورنہ الہام یریدون ان یروا طمثک کی تشریح میں حضور علیہ السلام نے جو کچھ تحریر فرمایا۔ اس میں کوئی بات قابل اعتراض نہیں ہے۔

# دستکاری کے ذریعہ انسداد بیکاری

## تحریک جدید کا مطالبہ نمبر ۱۶-۱۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے آج سے چھ سال قبل تحریک جدید کا اعلان فرماتے ہوئے جماعت کو اس بات کی طرف خاص توجہ دلائی تھی۔ کہ "احباب اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔ . . . . کوئی احمدی بے کار نہ رہے" نیز فرمایا۔ کہ "اقتصادی لحاظ سے بیکاری ایک لعنت ہے۔ بے کاری ہمیشہ کام کو ذلت سمجھنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے . . . . . . ہر شخص کو یہ حق حاصل ہے۔ کہ وہ بے کاری کے مرض کو دور کرنے کی کوشش کرے"

پھر حضور ایدہ اللہ تعالےٰ نے یہ بھی فرمایا۔ کہ "ہندوستان کے لئے ہمیں پیشہ ور مستری تیار کرنے ضروری ہیں۔ اور یہ چمڑے کے کام بوٹ سازی وغیرہ اور لوہار و ترکھان کے کام سکھانے کے لئے جو کارخانہ (دارالصناعت) جاری کیا گیا ہے۔ اس کی غرض یہی ہے۔ کہ ہم اچھے بوٹ ساز۔ اچھے لوہار۔ اچھے ترکھان پیدا کریں۔ جو دین کے بھی عالم ہوں۔ تا وہ جہاں جائیں۔ خواہ بسلسلۂ ملازمت۔ یا اپنے طور پر کام کرنے کے لئے وہ اچھے عالم اور مبلغ بھی ہوں"

لیکن افسوس۔ کہ جماعت نے اس کام کی طرف کما حقہٗ توجہ نہیں کی۔ حالانکہ ملک کی اقتصادی حالت بھی دستکاری کی ضرورت اور اہمیت کو روز روشن کی طرح واضح کر رہی ہے۔ اور اب تو جنگی ضرورت نے بھی ہر پیشہ ور اور ہنرمند کے لئے معاش کا دروازہ کھول دیا ہے۔ لہٰذا ابھی وقت ہے۔ کہ گزشتہ غفلت، اور بے توجہی کی تلافی کی جائے۔ اور احباب جماعت تحریک جدید کے قائم کردہ کارخانہ بوٹ سازی دارالصناعت قادیان سے فائدہ اٹھانے کے لئے قدم اٹھائیں۔ اور اپنے بچوں کو بوٹ سازی کا کام سکھلانے کے واسطے اس کارخانہ میں داخل کرائیں۔ جس کے متعلق قبل ازیں اخبار "الفضل" میں اعلان بھی کئے جا چکے ہیں۔

نیز اس قومی کارخانہ کی مصنوعات کو خرید کر کارکنان کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔ اور اگر ایام جلسہ سالانہ میں اس کارخانہ کا ملاحظہ فرما کر کارکنان کو اپنے مفید مشوروں سے مستفید فرمائیں گے۔ تو شکریہ کے مستحق ہوں گے۔

خاکسار محمد عبد اللہ بوتالوی۔ مینیجر دارالصناعت تحریک جدید قادیان

# جلسہ سالانہ پر حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ سے جماعت ہائے احمدیہ

کی

## ملاقات کا پروگرام

جملہ جماعت ہائے احمدیہ کی خدمت میں گزارش ہے۔ کہ مندرجہ ذیل نقشہ کے مطابق جماعتوں کی ملاقات کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے افراد کو اطلاع دے کر وقت مقررہ پر تشریف لائیں۔

(۲) مندرجہ ذیل وقت کا تخمینہ گذشتہ ریکارڈ کی رو سے تجویز کیا گیا ہے۔ جس میں افراد کی کمی بیشی سے وقت میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

(۳) حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی خواہش ہر مخلص احمدی کے دل میں ہوتی ہے۔ اور ہر مشتاق زیارت احمدی ملاقات کی گھڑیوں کو لمبا کرنا چاہتا ہے۔ لیکن چونکہ خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے جماعت روز افزوں ترقی پر ہے اس لئے احباب کا فرض ہے۔ کہ اپنے دوسرے بھائیوں کا بھی خیال رکھتے ہوئے وقت معینہ کے اندر ملاقات ختم کرنے کی ہر ممکن کوشش فرمائیں۔ ایسا نہ ہو کہ وہ اپنے اس شوق میں دوسرے دوستوں کی حق تلفی فرمائیں۔ لہذا وقت کی پابندی کی طرف احباب خاص توجہ رکھیں۔

ملک صلاح الدین پرائیویٹ سکرٹری۔

| نمبر | تاریخ | وقت | نام جماعت | وقت ملاقات | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۶ ۱۲/۱۳۱۹ | صبح | راولپنڈی | ۶ منٹ | ۱/۲ ۷ بجے سے ملاقات شروع ہوگی انشاء اللہ |
| ۲ | " | " | جماعت ہائے دہلی و مضافات | ۱۲ " | |
| ۳ | " | " | انبالہ شہر و مضافات | ۵ " | |
| ۴ | " | . | جملہ جماعت ہائے صوبہ سندھ | ۱۰ " | |
| ۵ | " | " | جملہ جماعت ہائے یو۔پی | ۲۰ " | |
| ۶ | " | " | " " بہار۔اڑیسہ | ۵ " | |
| ۷ | " | " | جملہ جماعت ہائے بنگال | ۴ " | |
| ۱ | ۲۶ ۱۲/۱۳۱۹ | شب | جماعت ہائے جموں کشمیر و پونچھ | ۲۰ " | ۱/۲ ۷ بجے ملاقات شروع ہوگی۔ انشاء اللہ |
| ۲ | " | " | جماعت ہائے راجپوتانہ | ۳ " | |
| ۳ | " | " | " منٹگمری | ۳۰ " | |
| ۴ | " | " | جماعت ہائے حیدر آباد دکن | ۱۰ " | |
| ۵ | " | " | جماعت ہائے فیروز پور شہر و مضافات | ۲۵ " | |
| ۶ | " | " | ریاست بہاولپور | ۱۰ " | |
| ۷ | " | " | ریاست ہائے پٹیالہ نابھہ جنید مالیرکوٹلہ و کپورتھلہ | ۲۵ " | |
| ۱ | ۲۷ ۱۲/۱۳۱۹ | بوقت صبح | جماعت ہائے جہلم شہر و ضلع | ۲۵ منٹ | ۱/۲ ۷ بجے ملاقات شروع ہوگی انشاء اللہ |
| ۲ | " | . | جملہ جماعت ہائے صوبہ سرحد | ۳۰ " | |
| ۳ | " | " | " کوئٹہ بلوچستان | ۵ " | |
| ۴ | " | " | کیمل پور میانوالی | ۱۰ " | |
| ۱ | ۲۷ ۱۲/۱۳۱۹ | بوقت شب | بیعت | ۱۰ منٹ | ۸ بجے شام |
| ۲ | " | " | ملتان مظفر گڑھ | ۲۰ منٹ | |
| ۳ | " | " | لدھیانہ شہر مع مضافات | ۱۵ " | |
| ۴ | ۲۷ ۱۲/۱۳۱۹ | بوقت شب | جملہ جماعت ہائے شاہپور سرگودھا | ۳۰ منٹ | |
| ۵ | " | " | گجرات شہر و ضلع | ۳۰ " | |
| ۱ | ۲۸ ۱۲/۱۳۱۹ | بوقت صبح | بیعت | ۳۰ منٹ | ۱/۲ ۷ بجے شروع ہوگی |
| ۲ | " | " | جماعت شملہ | ۵ منٹ | |
| ۳ | " | " | ڈیرہ غازی خان | ۱۲ " | |
| ۴ | " | " | شیخوپورہ شہر و ضلع | ۲۵ " | |
| ۱ | ۲۸ ۱۲/۱۳۱۹ | بوقت شب | بیعت | ۳۰ منٹ | ۸ بجے ملاقات شروع ہوگی انشاء اللہ |
| ۲ | " | " | سیالکوٹ شہر و ضلع | ایک گھنٹہ | |
| ۳ | " | " | جھنگ مگھیانہ | ۱۰ منٹ | |
| ۴ | " | " | گوجرانوالہ | ۳۵ منٹ | |
| ۵ | " | " | ضلع کانگڑہ و چمبہ | ۵ " | |
| ۶ | " | " | جالندھر شہر و ضلع | ۴۰ منٹ | |
| ۱ | ۲۹ ۱۲/۱۳۱۹ | صبح | لائل پور شہر و ضلع | ۳۰ منٹ | |
| ۲ | " | " | سی۔پی | ۳ منٹ | |
| ۳ | " | " | حصار پانی پت۔ رہتک کرنال گوڑگانواں وغیرہ | ۱۰ " | |
| ۴ | " | " | بمبئی | ۳ " | |
| ۵ | " | " | امرتسر شہر و ضلع | ۳۰ " | |
| ۶ | " | " | بیعت | ۲۰ " | |
| ۷ | " | " | لاہور | ۳۰ منٹ | |
| ۸ | " | " | گورداسپور | ۴۰ منٹ | |


### محترمہ بیگم صاحبہ نواب محمد علی خانصاحب آف مالیرکوٹلہ کا ارشاد گرامی

آپ کی فیسرین کریم میں نے ایک عزیز کو منگا کر دی تھی جن کا چہرہ مہاسوں (کیلوں) کی کثرت سے ایسا معلوم ہوتا تھا۔ گویا چیچک نکلی ہوئی ہے۔ اور اس قسم کے کیس وہ سے تھے کہ کوئی علاج کارگر نہ ہوتا تھا۔ مہاسوں کے انجکشن بھی کروا چکی تھی۔ مگر میں خوشی سے اب یہ لکھنے کے قابل ہوں۔ کہ خدا کے فضل سے فیسرین کریم نے یہ اثر دکھایا۔ کہ ان کا چہرہ مہاسوں سے پاک ہے۔ اور داغ بالکل معدوم ہو چکے ہیں۔ بلکہ رنگ بھی پہلے سے نکھر آیا ہے۔ اب بھی وہ اس خوف سے کہ دوبارہ پھنسیوں کا دورہ نہ ہو جائے اسے برابر استعمال کئے جاتی ہیں۔ اور آپ کی وہ ممنون ہیں۔ **فیسرین کریم** بلاشبہ کیلوں۔ چھائیوں۔ بدنما داغوں۔ الغرض چہرہ اور جلد کی بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ خوبصورت بناتی ہے۔ خوشبودار ہے۔ قیمت فی شیشی ایک روپیہ محصول ڈاک بذمہ خریدار ہر جگہ بکتی ہے۔ اپنے شہر کے جنرل مرچنٹس اور انگریزی دوا فروشوں سے خریدیں (نوٹ) جلسہ سالانہ کے موقعہ پر قادیان میں فیسرین کریم آپ کو زنانہ دستکاری کی نمائش گاہ سے مل سکے گی وی۔پی منگوانے کا پتہ **فیسرین فارمیسی منٹگمری پنجاب**



### اپنے بچوں کو قرآن کریم اور حدیث شریف کا ترجمہ خود گھر پر پڑھائیے

جو دوست کسی مولوی فاضل پاس عربی استاد کی مدد کے بغیر گھر پر اپنے بیوی بچوں کو قرآن کریم اور حدیث شریف کا ترجمہ پڑھانا چاہیں وہ مندرجہ ذیل چار کتابوں کا سیٹ دفتر گلدستہ **تعلیم الدین** احمدیہ بازار سے طلب فرمائیں۔ (۱) گلدستہ تعلیم الدین ۸عـ (۲) لغات القرآن اردو عربی قیمت آٹھ آنہ (۳) سہل تعلیم ترجمہ قرآن مجید حصہ اول ایک روپیہ (۴) اسوۂ حسنہ اسلامی اخلاق کے متعلق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پانچ سو احادیث کا ترجمہ قیمت چھ آنہ چاروں کی قیمت صرف تین روپیہ ہوگی


Digitized by Khilafat Library Rabwah

356

## کاشتکاروں کی ضرورت

سید احمد صاحب وکیل شاہ آباد گیٹ رام پور کے پاس وسیع قطعہ زمین قابل کاشت ہے۔ زمین نہری اور چاہی ہے۔ جس میں گنا۔ گندم اور جوار کثرت سے پیدا ہو سکتی ہے۔ وہ پنجاب سے احمدی مزارعان لے جانا چاہتے ہیں وہ جلسہ سالانہ پر قادیان آئینگے۔ جو کاشتکار اس موقعہ سے فائدہ اٹھانا چاہیں وہ ان سے مل لیں۔

## موسم سرما کا نایاب تحفہ

### ماء اللحم انگوری وطیوری دو آتشہ

تیار کردہ :- ڈاکٹر عبد الجلیل خان میڈیکل پریکٹیشنر موچی دروازہ۔ لاہور

بوڑھوں کو جوان اور جوانوں کو نوجوان بنانیوالا

### تازہ پھلوں پھولوں اور قیمتی ادویات کا عرق

صرف یہی نہیں کہ یہ انگور و طیور کا جوہر ہے۔ بلکہ اس میں عنبر کستوری اور زعفران وغیرہ بیش بہا چیزیں بھی شامل ہیں۔ غرضیکہ پورے اجزاء کا بہترین نچوڑ ہے۔ جو ضعف دل ضعف دماغ ضعف معدہ۔ کمزوری اعصاب۔ دل کی دھڑکن۔ بے چینی سستی۔ اعضاء رئیسہ و شریفہ کے لئے بے حد مفید مانا گیا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں اور بوڑھوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے جس نے ایک دفعہ استعمال کیا۔ وہ ہمیشہ کے لئے گرویدہ بن گیا۔ باوجود ان اوصاف کے قیمت بہت تھوڑی ہے۔ یعنی قیمت فی بوتل ۳۰ خوراک پانچ روپے۔ ۶۰ خوراک تین روپے۔

**ملنے کا پتہ** :- ڈاکٹر عبد الجلیل خان میڈیکل پریکٹیشنر رفیق مریضاں میڈیکل ہال موچی دروازہ لاہور

جلسہ کے دنوں میں عبد الرحمن کاغانی دواخانہ رحمانی احمدیہ بازار سے مل سکتی ہے۔

## حضرت حکیم مولوی نور الدین اعظم رضؓ

طبیب شاہی سرکار جموں و کشمیر کا لاثانی نسخہ محافظ اٹھرا گولیاں رجسٹرڈ استعمال کریں۔ جن کے بچے چھوٹی عمر میں فوت ہو جاتے ہوں۔ یا حمل گر جاتا ہو۔ اس کو اٹھرا کہتے ہیں۔ حضور کے حکم سے یہ دواخانہ ۱۹۱۰ء سے جاری ہے۔ استعمال شروع حمل سے اخیر رضاعت تک قیمت فی تولہ سوا روپیہ مکمل خوراک گیارہ تولہ رعایتی فی تولہ ایک روپیہ یکمشت منگوانے والے سے نو روپیہ علاوہ محصولڈاک لیا جائے گا۔

عبد الرحمن کاغانی اینڈ سنز۔ دواخانہ رحمانی قادیان

## قابل فروخت زمین

محلہ دار العلوم میں متصل جامعہ احمدیہ میں دو قطعات علی الترتیب سوا کنال و ایک کنال قابل فروخت ہیں۔ خواہشمند احباب شیخ رحمت اللہ صاحب شاکر دار العلوم قادیان سے قیمت طے کریں۔ زمین بافوقع ہے۔ خاکسار۔ مرزا عنایت بیگ۔ قادیان

## عورتوں کی خطرناک بیماری

اگر آپ کی بیوی مرض لیکوریا (سیلان الرحم) میں مبتلا ہے۔ تو ہماری ساٹھ سالہ مجرب دوائی ہارول HAROL استعمال کیجئے۔ جس سے ہزاروں مریضائیں صحت یاب ہو چکی ہیں۔ ایسی بے نظیر اور بے حد مفید دوا دنیا میں کہیں نہ ملے گی۔ دوائی کے مفید ہونے کی گارنٹی ہمراہ بھیجی جاتی ہے۔

قیمت فی شیشی ایک روپیہ آٹھ آنے۔

ہربولین فارمیسی D/18 سری ہرگوبند پور (پنجاب انڈیا)

# ویدک یونانی دواخانہ کی ادویات کے متعلق تازہ ترین سارٹیفکیٹ

## جناب میاں محمد شریف صاحب ای۔ اے۔ سی پنشنر تحریر فرماتے ہیں

میں نے ویدک یونانی دواخانہ قادیان کی ادویات کو اکثر استعمال کیا ہے۔ اس لئے میں اپنے تجربہ کی بناء پر نہایت وثوق سے اس امر کی تصدیق کرتا ہوں۔ کہ دواخانہ میں ادویات **نہایت توجہ اور محنت** سے تیار کی جاتی ہیں۔ اور ان کے اجزاء **بالکل درست اور صحیح نہایت احتیاط** سے شامل کئے جاتے ہیں۔ جن پر ایک **لائق طبیب** کی نگرانی ہوتی ہے جس کی وجہ سے ادویات **سریع الاثر** اور **نفع مند** ثابت ہوتی ہیں۔ خاص طور پر میں نے دواخانہ کی تیار کردہ **لبوب کبیر۔ حب جواہرات عنبری** اور **جوارش جالینوس** کو استعمال کیا ہے۔ میں نہایت خوشی سے اس امر کا اعتراف کرتا ہوں۔ کہ یہ ادویات بہت ہی مفید اور **زود اثر ثابت** ہوئی ہیں۔ اپنے دوستوں اور احباب کو یہ مشورہ دیتا ہوں۔ کہ وہ ان ادویات کو استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔ فقط مورخہ ۱۹ نومبر ۱۹۴۰ء۔ خاکسار محمد شریف ای۔ اے۔ سی پنشنر سکنہ قادیان

## لبوب کبیر

یہ لبوب طب یونانی کے مایہ ناز مرکبات میں سے ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی ہے۔ اعصاب کو طاقت بخشتا۔ گردوں کو مضبوط کرتا۔ اور بدن کو فربہ بناتا ہے۔ دماغی کام کرنیوالوں کیلئے تقویت دماغ کی ایک لاثانی دوا۔ اور ضعیف العمر حضرات کے لئے یقیناً عصائے پیری ہے۔ قابل قدر اور مشک۔ عنبر زعفران اور ورق طلاء وغیرہ کی قسم کے قیمتی اجزاء کا خاص اہتمام سے تیار کیا ہوا مرکب ہے۔

اصل قیمت (دس تولہ) دو روپے آٹھ آنے۔ رعایتی قیمت ایک روپیہ چودہ آنے۔

## حب جواہرات عنبری

یہ گولیاں اعضاء رئیسہ۔ دل۔ دماغ۔ جگر اور گردوں کی اصلاح نیز عام جسمانی کمزوری کے لئے کرشمہ تاثیر ہیں۔ ان کے استعمال سے کھوئی ہوئی طاقت دوبارہ حاصل ہوگی۔ اور تمام اعضاء رئیسہ میں حیرت انگیز قوت آ جائے گی۔ حب جواہرات عنبری ہر ٹانک سے افضل ہے۔ کیونکہ دیرپا اور مستقل اثر رکھتی ہے۔ اصل قیمت (۴۰ گولی) پانچ روپے۔ رعایتی قیمت تین روپے بارہ آنے۔

نوٹ :- اس مرتبہ ایام جلسہ سالانہ میں دواخانہ کی ہر مرکب دوا ۲۵ فیصدی رعایت پر ملے گی۔ اس لئے دوست زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔

خط و کتابت کیلئے صرف :- **"ویدک یونانی دواخانہ قادیان" یاد رکھیں**

ضروری اطلاع :- جلسہ پر آنے والے دوستوں کی جماعت کے کمروں میں لکھے ہیں۔ ناظر امور خارجہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# جلسہ سالانہ ۱۹۴۰ء پر طبیہ عجائب گھر کی ادویہ میں رعایت

میں اس قسم کی رعایتوں کے اعلان کا عادی نہیں ہوں۔ جس کی وجہ یہ نہیں کہ میں خدانخواستہ گاہکوں کو رعایت دینا نہیں چاہتا۔ بلکہ اس کی وجہ محض یہ ہے۔ اور جیسا کہ احباب جانتے ہیں۔ میرے مرکبات خدا کے فضل سے خالص اور اعلیٰ اجزا سے تیار کئے جاتے ہیں۔ اور جنگ کے باعث تمام اشیاء گراں ہو چکی ہیں۔ لہٰذا ایسے مرکبات پر رعایت اپنے پر بوجھ ڈالنا ہے۔ ادنیٰ اور غیر خالص اجزاء سے تیار کئے ہوئے مرکبات میں اگر اسی فیصدی بھی رعایت کر دی جائے تو بھی تھوڑی ہوتی ہے۔ لیکن میرے لئے ذرا گنجائش نکالنا بھی مشکل ہے۔ اور اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔ کہ میری ادویہ کی قیمت پہلے ہی نہایت واجبی ہے۔ بہرحال اس جلسہ سالانہ کے موقع پر میں اپنی مندرجہ ادویات میں رعایت کا اعلان کرتا ہوں جو دوست ۲۰ دسمبر ۱۹۴۰ء سے ۲۰ جنوری ۱۹۴۱ء تک ان ادویہ کو طبیہ عجائب گھر میں تشریف لا کر خرید فرمائیں گے یا بذریعہ ڈاک منگوائیں گے ان کو یہ رعایت دی جائے گی۔
۲۰ جنوری کے بعد یہ رعایت منسوخ ہو جائے گی۔

مجون المزاج مستورات کے لئے کشمیری کستوری۔ اور کستوری زعفران سے تیار کردہ اکسیر ... ۱؍ رعایتی گیارہ آنہ فی تولہ۔ قیمت مکمل خوراک گیارہ تولہ آٹھ روپے
میں لمبے تجربہ کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ مجون المزاج مستورات نیز زعفران اور نیز کستوری کو ہضم نہیں کر سکتیں۔ اس لئے ان کیلئے جو گولیاں تیار کی گئی ہیں۔ ان میں کشمیری زعفران اور کشمیری کستوری ڈالی گئی ہے۔ عام لوگ ایسی چیز کو سوا روپیہ تولہ کے حساب سے فروخت کرتے ہیں۔

## قلب الحجر

حضرت حکیم مولوی نورالدین خلیفۃ المسیح اول رضؓ اپنی بیاض میں تحریر فرماتے ہیں۔ "پتھر کی کانوں میں ایک چیز چمکدار ملائم۔ بے مزہ۔ سفید براق نکلتی ہے۔ جس کو پتھر کا جیو کہتے ہیں اندور میں جسقدر کالے پتھر کی چٹانیں توڑنے والے ہیں سب جانتے ہیں۔ بقدر ایک رتی ایک ماشہ طباشیر مسحوق اور ایک دو منقہ ملے ہوئے میں ملا کر صرف ایک دن کھلائیں دوسرے ... پھر انشاء اللہ تعالےٰ ہرگز اسقاط نہ ہوگا"
ہمارے پاس اعلےٰ قسم کا قلب الحجر موجود ہے۔ ہمارے ہاں آپ پتھر کے اس جیو کو پتھر کے ایک ٹکڑہ میں دل کی طرح لگا ہوا ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔
قیمت دو روپے تولہ رعایتی پونے دو روپے تولہ۔ نصف ۱۲؍ تولہ

## ست سلاجیت آفتابی

مخرج سنگ مثانہ۔ مقوی گردہ۔ دافع ورم و چوٹ مقوی اعضائے رئیسہ کو مفید ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی۔ جگر اور مثانہ کو صاف کرتی۔ اور پیشاب آور ہے۔ پٹھوں کو قوت دیتی ہے۔ آپ یقین رکھیں بہترین سلاجیت آفتابی درجہ اول ہمارے ہاں سے مل سکے گی۔
قیمت آفتابی ایک روپیہ تولہ۔ رعایتی ۱۴؍ آنہ تولہ درجہ دوم آٹھ آنے تولہ۔ رعایتی چھ آنہ۔ آتشی درجہ سوم ۳؍ تولہ۔ رعایتی ۱؍ تولہ

## منجن لاجواب

یہ منجن دانتوں کی تمام بیماریوں کے لئے مفید ہے۔ قیمت چار اونس کی شیشی چھ آنے رعایتی چار آنہ

## سرمہ جواہرات

آنکھوں کے لئے اکسیر ہے۔ بینائی کو بڑھاتا ہے۔ اس میں زمرد۔ یاقوت نیلم۔ سچے موتی۔ عقیق۔ فیروزہ صدف مروارید اور لاجورد شامل ہیں۔
قیمت پانچ روپے تولہ۔ رعایتی چار روپے تولہ

## سرمہ اکسیر واحد

ککرے۔ جالا۔ پانی آنا۔ ڈھلکا وغیرہ امراض چشم کے لئے مفید ہے
قیمت تین روپے تولہ۔ رعایتی دو روپے تولہ

## برشعثا

زکام۔ نزلہ۔ کھانسی۔ اسہال جوڑوں کے دردوں کے لئے اکسیر ہے۔ یہ زعفران اور کستوری سے مرکب ہے۔ قیمت فی تولہ تین روپیہ رعایتی دو روپیہ۔ درجہ دوئم قیمت ایک روپیہ تولہ۔ رعایتی ۱۲؍ آنہ تولہ

## اکسیر اٹھرا

جن مستورات کے اولاد نہ ہوتی ہو یا اسقاط کی مصیبت میں مبتلا ہوں یا جنکی اولاد بچپن میں ہی داغ مفارقت دے جاتی ہو۔ وہ ان گولیوں کا استعمال کریں یہ نسخہ حضرت حکیم الامۃ مولوی نورالدینؓ کا تجویز فرمودہ ہے۔ بارد مزاج والی مستورات کے لئے مشک تاتاری اور ایرانی زعفران سے تیار کردہ اکسیر اٹھرا کی رعایتی قیمت پندرہ ۱۵ آنہ فی تولہ۔ مکمل خوراک گیارہ تولہ ساڑھے نو روپے۔

## روح نشاط

روح نشاط کا دوسرا نام خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ہے۔ اس میں سونے چاندی کے ورق۔ عنبر۔ کشتہ۔ مروارید۔ کشتہ سنگ یشب۔ کشتہ یاقوت کشتہ زمرد۔ کشتہ زہر مہرہ جیسے بیش قیمت اور خالص جواہرات ڈالے جاتے ہیں۔ یہ معجون دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ اور علمی کام کرنے والوں کے لئے نعمت عظمےٰ ہے۔ ایک دفعہ منگوا کر استعمال کریں اور ہماری محنت کی داد دیں۔
قیمت ایک چھٹانک پانچ روپیہ رعایتی ساڑھے چار

## ازدجام عشق

یہ شہرۂ آفاق نسخہ مشک تاتار اور ایرانی زعفران سے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ قوت کے لئے لاجواب شے ہے۔
قیمت ایک روپیہ آٹھ گولی۔ رعایتی دس گولی۔
کشمیری اور نیپالی کستوری اور کشمیری زعفران سے تیار شدہ ازدجام عشق کی رعایتی قیمت ایک روپیہ کی ۲۴؍ گولیاں۔

## فوری علاج

طبیہ عجائب گھر کی مایہ ناز ادویہ میں سے ہے۔ یہ دوائی سردیوں میں دو ماہ۔ اور گرمیوں میں ایک ماہ میں تیار ہوتا ہے۔ بدہضمی۔ ہیضہ۔ قے۔ متلی۔ اسہال کو فوراً روکتا ہے معدہ کی جملہ خرابیوں میں مفید ہے۔ زکام۔ نزلہ۔ درد شقیقہ۔ درد سر کے علاوہ ہر قسم کے درد اور زہریلے جانوروں کے کاٹے کا بالکل مجرب علاج ہے۔
قیمت دو روپے تولہ رعایتی ...

## نمک سلیمانی

یہ نمک چالیس دن میں تیار ہوتا ہے۔ معدہ کو قوت دیتا اور بھوک کو بڑھاتا ہے۔ بدہضمی کے ترش ڈکاروں کو روکتا ہے نہایت خوش ذائقہ ہے۔ احباب اسے استعمال کر کے ہمیشہ کے لئے اس کے فوائد کے قائل ہو جائیں گے۔
قیمت چھ اونس کی ڈبیہ ایک روپیہ۔ رعایتی ۱۲؍ ... نمک سلیمانی ۸ اونس ایک روپیہ

**پروپرائٹر طبیہ عجائب گھر قادیان**

Digitized by Khilafat Library Rabwah

367

# ہندوستان اور ممالک غیر کی خبریں

**قاہرہ ۲۰ دسمبر** - تازہ اطلاع موصول ہوئی ہے۔ کہ اطالوی فوجوں کے دو ڈویژن باردیہ میں بری طرح گھر گئے ہیں۔ ہوائی جہازوں نے بتایا ہے۔ کہ باردیا سے مغرب کو جانے والی سڑک پر کوئی اطالوی جاتے ہوئے دکھائی نہیں دیتے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ جو سپاہی گھر گئے ہیں ان کے لئے نکلنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔ اس جگہ اطالوی جم کر مقابلہ کر رہے ہیں۔ یہاں وہ کچھی ماں سے ٹینکوں کے لئے پھندے اور چوکیاں بنا رہے تھے نیز زمین میں سرنگیں بچھا رکھی تھیں۔ جنہیں اب استعمال کر رہے ہیں۔ مگر باوجود اس کے ان کی حالت بہت نازک ہے۔ ادھر ہوائی جہاز باردیا کی چھاؤنی کے ہوائی اڈوں پر حملے کر رہے ہیں۔

**ایتھنز ۲۰ دسمبر** - ایک سرکاری اعلان میں بتایا گیا ہے۔ کہ یونانی فوجیں البانیہ میں بڑی کامیابی سے دشمن کا مقابلہ کر رہی ہیں۔ گو دشمن جم کر مقابلہ کر رہا ہے۔ مگر پھر بھی کئی مقامات پر اسے مار بھگایا۔ چھ سو قیدی اور بہت سا سامان ہاتھ لگا ہے۔ پلرموں کی خلیج کے پاس سے اطالوی مورچے چھوڑ کر خمارا کی طرف بھاگ رہے ہیں۔ کلسیرکی چھاؤنی پر گولے برسائے جا رہے ہیں۔ رائٹر کی اطلاع ہے۔ کہ اطالوی فوجوں کو کمک پہنچ گئی ہے۔ اور بعض دستے برف ہٹانے کا کام کر رہے ہیں۔ مگر اس برف کی ایک نہیں چلی۔ جوابی حملوں میں بھاری نقصان اٹھا کر انہیں پیچھے ہٹنا پڑا۔

**لنڈن ۲۰ دسمبر** - بدھ کی رات کو انگریزی جہازوں نے البانیہ کی بندرگاہ دلونا پر حملہ کیا۔ اور ایک سو ٹن بم پھینکے مگر دشمن نے کوئی مقابلہ نہ کیا۔ اس سے پہلے بھی اس بندرگاہ کو نقصان پہنچایا جا چکا ہے۔ اسی رات دلونا پر ہوائی جہازوں نے بھی حملہ کیا۔ اگرچہ البانیہ میں سخت سردی پڑ رہی ہے۔ تاہم یونانی فوجیں ۸۰ میل لمبے محاذ پر دشمن کو پیچھے دھکیلتی جا رہی ہیں۔

**لنڈن ۲۰ دسمبر** - اطالوی بہت کوشش کر رہے ہیں۔ کہ البانیہ کے لوگ اٹلی کی طرف سے لڑیں۔ مگر اس میں ان کو کامیابی نہیں ہوئی۔ یونان پر حملہ کرنے والے دس ڈویژنوں میں صرف دو البانی تھے حالانکہ البانیہ ایک لاکھ کے قریب جنگجو میدان میں لا سکتا ہے۔

**واشنگٹن ۲۰ دسمبر** - امریکہ میں برطانیہ کے لئے ۶۰ نئے جہاز بنائے جا رہے ہیں

**لنڈن ۱۹ دسمبر** - جرمن آبدوزیں پھر بحر اوقیانوس میں سرگرمی دکھا رہی ہیں اور آج ۲۳ ہزار ٹن کے تین جہاز ڈوب گئے

لارڈ بیوربروک نے آج ایک تقریر میں کہا۔ کہ ہٹلر اس امر کی تیاریاں کر رہا ہے کہ موسم بہار سے قبل ہی ہوا۔ سمندر اور خشکی سے برطانیہ پر حملہ کرے لیکن ہم اسے تباہ کر دیں گے۔ گذشتہ چار ماہ میں ہمارے جتنے ہوائی جہاز تباہ ہوئے ہیں۔ ان کی قیمت لوگوں نے چندہ دے کے پوری کر دی ہے

برطانی ناکہ بندی کی وجہ سے جرمنی میں لوگوں کو پوری غذا میسر نہیں آتی۔ نتیجہ یہ ہوا ہے کہ وہاں انفلوائنزا پھیل رہا ہے۔ اور بھی وبائیں پھوٹ رہی ہیں

**لنڈن ۱۹ دسمبر** - حکومت برطانیہ نے اعلان کیا ہے۔ کہ ہوائی حملوں سے ہلاک ہونے والوں کے متعلقین اور زخمی ہونے والوں کو آئندہ معاوضہ دیا جائے گا۔ جو حسب حیثیت ۳۵ سے ستر شلنگ تک فی ہفتہ ہوگا۔ مرنے والوں کی بیویوں کو طویل پنشن دی جائیگی

**لنڈن ۱۹ دسمبر** - ۱۹ جنوری کو ۲۶ سال کی عمر کے برطانی باشندے بھرتی کے لئے پیش ہونگے۔ اور اس طرح برطانی فوج کی کل تعداد پچاس لاکھ تک پہنچ جائے گی۔

**واشنگٹن ۲۰ دسمبر** - ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ برطانیہ نے امریکہ کو اسلحہ کے لئے اور آرڈر دیئے ہیں۔ جس میں بارہ ہزار جنگی ہوائی جہازوں۔ اڑہائی ہزار ٹینکوں اور بہت سا گولہ بارود بھی شامل ہے۔ امریکن کارخانے برطانیہ کو اس سے دس گنا زیادہ ہوائی جہاز مہیا کر رہے ہیں۔ جتنے وہ امریکن فوجوں کو کر سکتے ہیں۔

**لنڈن ۲۰ دسمبر** - آسٹریلین گورنمنٹ نے ۱۹ سے ۳۳ سال کی عمر تک کے نوجوانوں کو فوجی ٹریننگ کے لئے بلا لیا ہے۔ جنرل سمٹس نے ایک تقریر میں کہا ہے کہ غالباً جنوبی افریقہ میں بھی فوجی بھرتی لازمی کر دی جائے گی۔

**لنڈن ۲۰ دسمبر** - مسٹر چرچل نے آج اپنے پرانے سکول میں ایک تقریر کرتے ہوئے کہا۔ کہ اگر برطانیہ لڑائی میں جیت گیا اور ہمیں یقین ہے کہ ضرور جیتے گا۔ تو ہم ایک نئے تمدن کی بنیاد رکھیں گے اور اب تک جو فوائد صرف چند لوگوں کو حاصل ہوتے رہے ہیں۔ وہ سب کو ہو سکیں گے۔

**لنڈن ۲۰ دسمبر** - بحری وزارت نے اعلان کیا ہے۔ کہ برطانی جہاز باردیا کی بندرگاہ میں جا گھسے اور اٹلی کے تین مال بردار جہاز غرق کر دیئے۔ انہوں نے باردیا کے شہر پر بھی گولے برسائے۔ کنارہ کی اطالوی توپوں نے ان جہازوں پر گولے برسائے۔ مگر کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں۔

**لنڈن ۲۰ دسمبر** - روم کے ریڈیو نے یہ مان لیا ہے کہ انگریزی ہوائی جہازوں کے چار دستوں نے بن غازی پر چھاپے مارے۔ نیز وہ لیبیا میں چھاؤنیوں اور ہوائی اڈوں پر بھی حملے کر رہے ہیں۔ باردیا کو ہر طرف سے گھیر لیا گیا ہے۔ بلکہ طبروق کو جانے والی سڑک کے ایک حصہ پر بھی برطانی فوج قابض ہو چکی ہے۔

**لنڈن ۲۰ دسمبر** - بلغاریہ کی ایک اطلاع مظہر ہے کہ رومانیہ سے تیل لے جانے والی بہت سی جرمن کشتیاں دریائے ڈینیوب میں برف میں پھنس گئی ہیں۔ ان پر ہزاروں ٹن تیل لدا ہوا تھا۔

**روم ۲۰ دسمبر** - اہل اٹلی کو تسلی دینے اور ان کی بے چینی کو رفع کرنے کے لئے مقامی ریڈیو نے ایک فہرست بعض چیزوں کی شائع کی ہے۔ جس سے ثابت کرنا مقصود ہے کہ لوگ وہاں عیش و آرام کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ کہا گیا ہے کہ یہاں ایسی شراب ملتی ہے کہ جو دکھے ہوئے دلوں کو بھی خوش کر دیتی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اٹلی میں لوگ اب شراب پی پی کر ہی غم غلط کر رہے ہیں۔

**پشاور ۲۰ دسمبر** - ترکی کا جو ملٹری مشن افغانستان آیا ہوا تھا۔ وہ دورہ سرحد کے سلسلہ میں جمرود بھی گیا۔ جہاں آفریدی، شنواری اور ملاخوری قبائل نے اس کا خیر مقدم کیا۔ اور ایڈریس دیا۔ جس میں کہا کہ ہمیں یہ معلوم کر کے بہت خوشی ہوتی ہے کہ ترکی اور افغانستان میں دوستی ہے۔ ہم برطانیہ کو بھی اپنا دوست سمجھتے ہیں۔ اور اگر اسے ہماری خدمات کی ضرورت ہو تو سپاہیوں، روپیہ اور سامان جنگ سے مدد کے لئے تیار ہیں۔

**لاہور ۲۰ دسمبر** - آج کنٹرولر آف ملٹری اکاؤنٹس نے اپنے سٹاف کی طرف سے ایک ایمبولنس کار حکومت کے پیش کی ہے

**پٹنہ ۲۰ دسمبر** - ۱۲۴ آدمیوں کو جنگی صنعتوں کی تعلیم دینے کے لئے یہاں انتظام کیا گیا ہے۔ طالب علموں کو وظائف دیئے جائیں گے۔ اور تمام اخراجات حکومت ہند برداشت کرے گی۔

**امرتسر ۲۰ دسمبر** - ہندوستانی ہوائی بیڑہ کا ایک جہاز آج لاہور جاتا ہوا امرتسر کے قریب گر گیا۔ اس میں ایک مسافر تھا۔ جو مارا گیا۔ ہوا باز معمولی طور پر زخمی ہوا۔

**دہلی ۲۰ دسمبر** - کپاس کی فصل کے متعلق تیسرا اندازہ یہ ہے کہ نئی فصل گذشتہ کی نسبت سات فی صدی زیادہ رقبہ میں ہے۔ اور اس سے بیس فیصدی زیادہ کپاس پیدا ہوگی۔

**دہلی ۲۰ دسمبر** - پٹرول کی فروخت پر پابندیاں لگانے کے سوال پر حکومت ہند صوبجاتی حکومتوں سے خط و کتابت کر رہی ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# اگر آپ پریشانی سے بچنا چاہتے ہیں

تو

# سٹریٹ ڈیلیوری سروس لاہور کی سرپرستی کیجئے

پریشانی کی کوئی ضرورت نہیں صرف دو آنہ میں آپ کا پارسل آپ کے دروازہ پر پہونچ جائیگا۔ چنگی خانوں یا کسی اور دفتر کی کھڑکیوں کے سامنے انتظار کرنے کی ہرگز کوئی ضرورت نہیں رہتی۔

نمبر ۴۸۱۷ کو فون کریں

نارتھ ویسٹرن ریلوے

لاہور میں سٹریٹ ڈیلیوری سروس یہ تمام خدمت صرف دو آنہ کے بدلہ میں بجا لاتی ہے

## نادر موقعہ

ایک دوست کی بہاڑی دروازہ قادیان کے بڑے بازار میں ایک دو منزلہ پختہ اعلیٰ درجہ با موقعہ دوکان قابل فروخت ہے جو نہایت سود مند سودا ہے جو دوست لینا چاہیں مجھ سے زبانی ایام جلسہ پر یا بذریعہ خط وکتابت فیصلہ کر سکتے ہیں۔ عبدالرحمٰن جنرل پریذیڈنٹ احمدیہ لوکل کمیٹی۔ قادیان

## تفسیر سروری کی قیمت میں رعایت

حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی تفسیر القرآن دسویں پارہ سے پندرھویں پارے تک ہے۔ اس سے پہلے کی تفسیر اگر آپ حاصل کرنا چاہیں۔ تو حضرت مولانا سید محمد سرور شاہ صاحب کی تفسیر خرید فرمائیں۔ یہ تفسیر شروع سے آٹھویں پارے تک کی ہے۔ دو ہزار صفحات کی یہ تفسیر تین جزؤں میں مجلد چرمی آپ کو جلسہ سالانہ کے ایام میں صرف ساڑھے چھ روپے میں ملے گی۔ اس تفسیر میں قرآن کریم کے قریباً تمام مشکل مقامات حل کئے گئے ہیں۔

صرف چند نسخے باقی رہ گئے ہیں۔ پھر یہ بیش بہا خزانہ کسی قیمت پر بھی نہ ملے گا۔ آج ہی اپنے لئے ایک نسخہ محفوظ کرالیں۔

ملنے کا پتہ

**مینجر رسالہ ریویو اردو قادیان**

## دہلی میں سونا تین روپیہ تولہ

### منسوا گولڈ کا گھر گھر میں چرچا

ناظرین دیکھئے۔ اس سونے کے متعلق دنیا کیا کہتی ہے۔ ہندوستان کے اخبارات کے علاوہ ہزاروں اصحاب نے اس کی تعریف کی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سے اخبارات لکھتے ہیں۔ کہ آپ کا منسوا گولڈ واقعی ایک لاجواب چیز ہے۔ اصلی سونے اور اس میں کوئی فرق معلوم نہیں ہوتا۔ جس گھر میں یہ نقلی سونا گیا۔ وہاں سے دوبارہ سہ بارہ فرمائش آئی۔" جناب بابو رام پرکاش اگروال بی اے جنرل روڈ (یو۔ پی) سے ۱۰ستمبر کو تحریر فرماتے ہیں۔" آپ کا منسوا گولڈ کا پارسل ملا۔ یہ دیکھ کر خوشی ہوئی۔ کہ منسوا گولڈ اور اصلی سونے میں کوئی فرق نہیں۔ آپ نے اس نئی چیز کو تیار کرکے دنیا کی ایک بھاری ضرورت کو پورا کیا ہے۔ تین تولہ اور میرے دوست کے لئے ارسال فرمائیں۔ اس کے علاوہ اور بھی آپ کو آرڈر دیا جائے گا۔"

یہ سونا کسوٹی پر اصلی سونے کا رنگ دیتا ہے۔ اصلی سونے کی طرح کوٹا اور پگھلایا جا سکتا ہے۔ بالکل اصلی سونے کے برابر ہے۔ ہوشیار سے ہوشیار صراف اور جوہری بھی مشکل سے پہچان سکتا ہے۔ اس کے بنے ہوئے زیورات کی ہر جگہ داد دی جا رہی ہے۔ ہر قسم کے زیورات آج کل کے فیشن کے مطابق تیار ہو سکتے ہیں گارنٹی:۔ ناپسند ہونے پر قیمت واپس ہوگی۔ ضرور آزمائش کریں۔ قیمت سنہری کے لئے ایک تولہ تین روپیہ۔ تین تولہ آٹھ روپیہ۔ چھ تولہ پندرہ روپے۔ چالیس تولہ۔ یکصد روپیہ۔ محصول ڈاک آٹھ آنہ۔ پہلے ایک یا تین تولہ کا آرڈر دے کر پھر بعد میں اکٹھا آرڈر دیویں۔ ایجنٹوں کی ہر جگہ ضرورت ہے۔ ہر قسم کی سہولت دی جا سکتی ہے۔ منسوا گولڈ کی بڑھتی ہوئی مانگ کو دیکھ کر طرح طرح کے نقال پیدا ہو گئے ہیں نقلی مال سے ہوشیار رہیں۔

ملنے کا پتہ:۔ امریکن کمرشیل ہاؤس پوسٹ بکس نمبر ۶۲ (A.Q) نئی دہلی


(عبدالرحمٰن قادیانی پرنٹر پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھپا یا اور قادیان سے ہی شائع کیا۔ (ایڈیٹر غلام نبی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah